## نسرین جلیل، سید مصطفیٰ کمال، سردار احمد اور فیصل سبزداری کی امریکی سفیر کیمرون منٹر سے ملاقات

کراچی۔۔۔29 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل اور سید مصطفیٰ کمال، سندھ اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی لیڈر سید سردار احمد اور صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے امریکہ کے قونصل جنرل کی رہائش گاہ پر کراچی کے دورے پر آئے ہوئے پاکستان میں متعین نومنتخب امریکی سفیر کیمرون منٹر سے ملاقات کی اور پاکستان اور اس خطہ کو درپیش مسائل اور ان کے حل کیلئے باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی گفتگو کی۔ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی جو ایک گھنٹے سے زائد جاری رہی، ملاقات میں پاکستان میں امن وامان، ملک میں جاری انتہاء پسندی و دہشت گردی کے علاوہ دیگر اہم مسائل پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر امریکہ کے قونصل جنرل، پولیٹیکل سیکریٹری، چیف آف دی اسٹاف اور دیگر بھی موجود تھے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں

## رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ نے اپنی نگرانی میں دو ٹرکوں پر مشتمل لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان ضلع جیکب آباد کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کیا

کراچی۔۔۔29 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب متاثرین کی امداد کیلئے دو ٹرکوں پر مشتمل لاکھوں روپے کی مالیت کا امدادی سامان جمعہ کی صبح ضلع جیکب آباد کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کردیا گیا۔ امدادی سامان میں متاثرین کیلئے غذائی اجناس، آٹا، چاول، دالیں، گھی، خشک دودھ، بسکٹ، چینی، چائے کی پتی اور منرل واٹر کے علاوہ ہائی جینک بیگ اور بھاری مقدار میں ادویات بھی شامل ہیں۔ امدادی سامان ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی آفس واقع فیڈرل بی ایریا سے ضلع جیکب آباد کے سیلاب متاثرین کیلئے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔

## ایم کیو ایم سیاست برائے سیاست پر نہیں بلکہ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، ذکیہ زبیری

## ٹنڈوالہ یار زون میں مرتضیٰ شاہ ڈاڈاہی ہال میں تقریب سے خطاب

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں میں سن چیریٹی کی جانب سے سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے

ٹنڈوالہ یار۔۔۔29 اکتوبر 2010ء

پاکستان میں فلاحی کاموں میں سرگرم متحدہ قومی موومنٹ کے بین الاقوامی فلاحی ادارے سوسائٹی فار انویل اینڈ نیڈی (سن) چیریٹی یوکے کی ٹرسٹی محترمہ ذکیہ زبیری نے قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن اور (SUN) چیریٹی نے پاکستان میں ہی نہیں بلکہ بیرون ملک میں بھی دکھی انسانیت کی بلاامتیاز رنگ ونسل بے لوث خدمت کررہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ٹنڈوالہ یار زون کے تحت مرتضیٰ شاہ ڈاڈاہی ہال میں تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سوسائٹی فار ان ویل اینڈ نیڈی (Sun) کے ٹرسٹی ڈاکٹر سلیم دانش ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج فرید احمد، حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد، سن (SUN) کے ایگزیکٹو رکن منشاء خان بھی موجود تھے۔ تقریب میں متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہٰ یار کے کارکنان معززین، شعبہ خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ سن ( SUN ) چیریٹی کے ٹرسٹی محترمہ ذکیہ زبیری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ انسانیت کی بے لوث خدمت کا درس دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ایم کیو ایم کا نصب العین ہے، ایم کیو ایم سیاست برائے سیاست پر نہیں بلکہ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اپنی کی روایات کو قائم رکھتے ہوئے سیلاب زدگان کی مدد کررہی ہے۔ تقریب کے اختتام پر خدمت خلق فاؤنڈیشن اور سن چیریٹی کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد اور اس کے کاموں کی بحالی میں حصہ لینے والے KKF کے رضاکاروں میں سن چیریٹی کی جانب سے اسناد تقسیم کئے گئے اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین بھی پیش کیا۔ علاوہ ازیں محترمہ ذکیہ زبیری نے ڈاکٹر سلیم دانش، حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد اور اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے عہدیداران کے ہمراہ ایمبولینس سینٹر کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کے کام کو سراہتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔

## پاکستان ریلوے کے خسارے کو جواز بنا کر انجنوں کی فروخت اور ٹرینوں کو بند کرنے کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

## خسارے کو جواز بنا کر ٹرینیں بند کرنے کا عمل غریب مسافروں کے ساتھ سراسر ناانصافی اور ان سے سستی سفری سہولت چھیننے کے مترادف ہے

کراچی۔۔۔29اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کرائے میں ہوش وباء اضافے کے باوجود پاکستان ریلوے کے خسارے کو جواز بنا کر انجنوں کی فروخت اور ٹرینوں کو بند کرنے کی فروخت کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹ مافیا کو فائدہ پہنچانے کیلئے پاکستان ریلوے کو سوچی سمجھی سازش کے تحت تباہ کیا جارہا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں ٹرین سروس غریب ومتوسط طبقے کے عوام کیلئے مفید اور سستی سفری سہولت تصور کی جاتی ہے ،دنیا بھر کے ممالک میں ریلوے کے نظام کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے جدید تیز رفتار ٹرین سروس استعمال کی جارہی ہے جبکہ اس کے برعکس پاکستان میں ریلوے کے نظام جدید اور ٹرینوں کی سروس کو بہتر بنانے کے بجائے الٹا انہیں بند کرنے کا عمل جاری ہے جس کے باعث غریب ومتوسط طبقے کے عوام شدید بے چینی کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ سابقہ دور حکومت تک پاکستان ریلوے نہ صرف ایک منافع بخش ادارہ تھا بلکہ اس دور میں جدید تیز رفتار ٹرینوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا جبکہ موجودہ دور میں ریلوے کا ادارہ شدید مالی بحالی بحران کا شکار ہے جہاں انجنوں تک کو فروخت کرنے کی نوبت آن پہنچی ہے اگر اسی طرح ٹرینیں بند کرنے کا عمل جاری رہا تو ایک وقت آئے گا جب اس محکمے سے وابسطہ لاکھوں لوگ بے روزگار ہوجائیں گے۔انہوں نے کہا کہ یہ المیہ ہے کہ گزشتہ دو تین سالوں سے ادارے کی جانب سے نہ تو کوئی ایک نئی ریلوے لائن بچھائی گئی نہ کوئی انجن خریدہ گیا اور نہ ہی کوئی نئی ٹرین سروس شروع کی گئی جبکہ اس کے برعکس الٹا متعدد ٹرینیں بند کرکے انجنوں کی فروخت شروع کردی گئی جس کے باعث ٹرینوں میں ہونے والی کمی سے مسافروں کو شدید مشکلات وپریشانیوں کا سامنا کرنا پڑھ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب ٹرینوں کے کرائیوں میں اچانک کئی گناہ اضافہ کردیا جبکہ دوسری جانب ادارے میں بھاری تنخواہوں پر من پسند افراد کی بھرتی کا سلسلہ جاری ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی نے پہلے ہی غریب عوام کی کمر توڑ رکھی ہے جبکہ ریلوے کے کرایوں میں اضافے کے باعث سے مسافر سستی سفری سہولت سے بھی محروم ہیں۔اراکین قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری ،وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان ریلوے میں خسارے کو جواز بنا کر انجنوں کی فروخت اور ٹرینوں کو بند کرنے کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث عناصر کے خلاف اعلیٰ سطحی تحقیقات کروائی جائے اور ٹرینوں کے کرایوں میں اضافے اور ادارے میں بھاری تنخواہوں پر من پسند افراد کی بھرتی کے اقدامات واپس لئے جائیں۔

## کراچی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

## کراچی میں لوڈشیڈنگ کے دورانیئے میں مزید اضافہ عوام کے ساتھ سراسر ظلم ہے

## شہریوں کو بجلی کی لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے

کراچی۔۔۔29اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ پر قابو پانے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات بروئے کار لائیں جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ پیپکو کی جانب سے ملک بھر میں جاری لوڈشیڈنگ پر قابو پانے کے دعوؤں کے باوجود کراچی میں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں اضافہ کھلی کراچی دشمن اور کراچی کی صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کو ختم کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں بجلی کی سپلائی میں کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی پوری طرح ناکام ونااہل ثابت ہوچکی ہے جبکہ لوڈشیڈنگ سے پیدا ہونیوالی صورتحال نے ہر شہری کو پریشان کررکھا ہے جس کی وجہ سے کراچی کے شہریوں کو شدید مشکلات وپریشانیوں کا سامنا ہے اور وہ احتجاج پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہری ہر ماہ باقاعدگی سے بجلی کے بل جمع کرواتے ہیں اس کے باوجود انہیں لوڈشیڈنگ کا نشانہ بنایا جارہا ہے جو سراسر ناانصافی اور شہریوں پر کھلا ظلم ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے شہر میں جاری بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ نے نہ صرف شہریوں کو شدید عذاب میں مبتلا کررکھا ہے بلکہ لوڈشیڈنگ کے عذاب نے شہر کی صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کو بھی تباہ کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کردیا گیا ہے جبکہ کراچی میں لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کے بجائے اس کے دورانیئے میں مزید اضافہ کردیا گیا ہے جو کراچی کے عوام کے ساتھ نہ صرف کھلی ناانصافی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ شہریوں کو بجلی کی فراہمی ممکن نہیں بناسکتی تو اپنی نااہلی وناکامی کا برملا اعتراف کرتے ہوئے ادارے

کو گورنمنٹ کی تحویل دے کر علیحدگی اختیار کر لے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب کراچی میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے اور لوڈ شیڈنگ کے روک تھام کیلئے کسی بھی قسم کے تا حال کوئی اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے جبکہ دوسری جانب ہر ماہ بجلی کے نرخوں میں اضافہ اور زائد بلنگ کے ذریعے شہریوں کو معاشی طور بدحالی جانب دھکیلا جا رہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر برائے پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے اور غیر اعلانیہ طویل لوڈ شیڈنگ کا فی الفور نوٹس لیکر کے ای ایس سی سے لوڈ شیڈنگ کے مسئلے پر باز پرس کی جائے۔

## سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔۔29 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اندرونِ سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عنایت اللہ سومرو کی دادی محترمہ شہناز بیگم، سرجانی سیکٹر یونٹ 04 کے کارکن سید فرید عالم کی والدہ محترمہ تسنیم مجید، گلشن اقبال سیکٹر یونٹ A-66 کے کارکن حاجی عمر کی والدہ محترمہ نیازی بیگم، ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی بن قاسم سیکٹر یونٹ گلشن حدید کے کارکن مصور عباس کی والدہ محترمہ خورشید فاطمہ اور لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکنان محمود اور اشرف کے والد مقبول احمد غوری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے سوگوار کارکنان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆